ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(375)

مورخہ 10/07/2023

**بہاولپور(          )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن۔گزشتہ روز مختلف مقدمات میں 09 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ کینٹ، تھانہ سمہ سٹہ اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 03 ملزمان محمد علی لودھی، محمد ندیم اور محمد ارشاد عرف شدی کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 02 کلو560 گرام چرس برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ کوتوالی، تھانہ سمہ سٹہ، تھانہ تھانہ اوچشریف، تھانہ سٹی حاصل پور، تھانہ صدر حاصل پور اور تھانہ قائم پور پولیس نے 06 ملزمان محمد اصغر، محمد یاسر صالح، اظہر اقبال، عبدالرؤف، محمد فیاض اور ظہور احمد عرف شکری کو گرفتار کرکے قبضہ سے 05 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد بندوق 12 بور برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھناؤنے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن کرتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے منفی عناصر سے پاک کیا جاسکے۔عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے بہاولپور پولیس شب و روز مصروف عمل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن۔گزشتہ روز مختلف مقدمات میں منشیات و اسلحہ ناجائز سمیت گرفتار ملزمان

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (376)

مورخہ 10/07/2023

**بہاولپور(          )ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ کینٹ پولیس کی کامیاب کارروائی، متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار۔گرفتار ملزم کے قبضہ سے ایک لاکھ روپے سے زائد کی نقدرقم برآمد۔معاشرے کے ایسے منفی عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی،ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات اورڈی پی او بہاولپورسید محمد عباس کی سربراہی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ کینٹ پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے اسپیشل ٹیم تشکیل دے کر متعدد وارداتوں میں ملوث جلال پور کا رہائشی 01 ملزم سجاد کھا کی کو گرفتار کرلیا،جن سے متعدد مقدمات ٹریس ہوئے۔گرفتار ملزم کے قبضہ سے ایک لاکھ روپے سے زائد کی نقدرقم برآمد کرلی۔پولیس نے ریکور شدہ رقم اصل مالکان کے حوالے کردی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال جرائم پیشہ افراد سے ریکور کرایا جارہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جاسکے۔انہوں نے مزید کہا بہاولپور پولیس جرائم کی بیخ کنی کیلئے بہترین حکمت عملی کو اپنا کر جرائم پیشہ افراد کا تدارک جاری رکھے گی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات،تھانہ کینٹ پولیس کی کامیاب کارروائی،متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار۔گرفتار ملزم کے قبضہ سے ایک لاکھ روپے سے زائد کی نقدرقم برآمد